8931 - حَـدَّثَـنَا مِقْدَامٌ، ثَنَا اَسَدٌ، ثَنَا حَاتِمُ بْـنُ اِسْـمَاعِيلَ، عَنْ حَمْزَةَ بْنِ اَبِي مُحَمَّدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰـهِ بْنِ دِينَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَـلَيْـهِ وَسَـلَّـمَ قَـالَ: قَالَ اللّٰهُ: خَلَقْتُ خَلْقًا اَلْسِـنَتُهُـمْ اَحْـلَـى مِـنَ الْـعَسَـلِ، وَقُـلُوبُهُمْ اَمَرُّ مِنَ الصَّبْـرِ، حَتَّـى حَلَفْتُ لَاُتِيحَنَّهُمْ فِتْنَةً تَدَعُ الْحَلِيمَ فِيهِمْ حَيْرَانَ، فَبِي يَغْتَرُّونَ، وَعَلَيَّ يَجْتَرِئُونَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل فرماتا ہے: میں نے ایسی مخلوق پیدا کی ہے' جن کی زبانیں شہد سے زیادہ میٹھی ہیں اور ان کے دل' کوڑ تمبے سے زیادہ کڑوے ہیں یہاں تک کہ میں نے حلف اُٹھایا کہ ان کو فتنے کا باعث بناؤں گا' بردبار اُن کے بارے حیران وششدر ہوگا' میرا نام لے کر دھوکا کریں گے اور میرے خلاف باتیں کرنے کی جرأت کریں گے۔

لَـمْ يَـرْوِ هَـذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِينَارٍ اِلَّا حَمْزَةُ، تَفَرَّدَ بِهِ: حَاتِمُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ

اس حدیث کو عبداللہ بن دینار سے حمزہ نے روایت کیا' اس کے ساتھ حاتم بن اسماعیل اکیلے ہیں۔

8932 - حَـدَّثَنَا مِقْدَامٌ، نا اَسَدُ بْنُ مُوسَى، نا سَعِيـدُ بْـنُ سَـالِـمٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، حَدَّثَنِي اَبُو

حضرت حفصہ بنت عمر رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ کی ران مبارک سے قمیص مبارک کا کپڑا ہٹا

8931- أخرجه الترمذی: الزهد جلد4صفحه604 رقم الحديث:2405 وقال: حسن غريب .

8932- اسناده فيه: أ - أسـد بن موسىٰ: صدوق يغرب . ب- سـعيـد بن سالم القداح: صدوق يهم رمى بالارجاء . ج- أبو خالد: سكت عنه الحاكم . انظر تعجيل المنفعة (480) . د- عبد الله بن أبي سعيد المدني أبو زيد: قال الحافظ ابن حجر: لم أجد من جرحه . انظر تعجيل المنفعة (223) . وانظر مجمع الزوائد جلد9صفحه84-85 .

Marfat.com

خَالِدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِی سَعِیدٍ، حَدَّثَتْنِی حَفْصَةُ بِنْتُ عُمَرَ، قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ قَدْ وَضَعَ ثَوْبَهُ عَنْ فَخِذِهِ، فَجَاءَ اَبُو بَكْرٍ يَسْتَاْذِنُ فَاَذِنَ لَهُ، وَالنَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى هَيْئَتِهِ، ثُمَّ جَاءَ عُمَرُ فَاسْتَاْذَنَ، فَاَذِنَ لَهُ وَالنَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى هَيْئَتِهِ، ثُمَّ جَاءَ عُثْمَانُ فَاَخَذَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَوْبَهُ، فَتَجَلَّلَهُ، فَتَحَدَّثُوا، ثُمَّ خَرَجُوا، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، جَاءَ اَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ وَاُنَاسٌ مِنْ اَصْحَابِكَ وَاَنْتَ عَلَى هَيْئَتِكَ، فَلَمَّا جَاءَ عُثْمَانُ تَجَلَّلْتَ ثَوْبَكَ؟ فَقَالَ: اَلَا اَسْتَحِی مِمَّنْ تَسْتَحِی مِنْهُ الْمَلَائِكَةُ

تھا' آپ کے پاس حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ آئے' آپ سے اجازت چاہی تو آپ نے اجازت دی اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اسی حالت پہ رہے' پھر حضرت عمر آئے اور آپ سے اجازت چاہی تو آپ نے اجازت دی اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنی حالت پہ رہے' حضرت عثمان رضی اللہ عنہ تشریف لائے تو آپ نے اپنی قمیص مبارک کا کپڑا لیا اور اسے سیدھا کر لیا' پھر یہ سارے چلے گئے تو میں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ کے پاس حضرت ابوبکر و عمر اور آپ کے اصحاب میں سے چند اور لوگ بھی آئے لیکن آپ اپنی حالت پہ رہے' جب حضرت عثمان تشریف لائے تو آپ نے اپنا کپڑا سیدھا کر لیا؟ آپ نے فرمایا: میں اُس سے کیوں نہ حیاء کروں جس سے فرشتے بھی حیاء کرتے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ اِلَّا سَعِيدُ بْنُ سَالِمٍ الْقَدَّاحُ

یہ حدیث ابن جریج سے سعید بن سالم القداح روایت کرتے ہیں۔

8933 - حَدَّثَنَا مِقْدَامٌ، ثَنَا اَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثَنَا شَرِيكٌ، عَنْ اَبِی اِسْحَاقَ، عَنْ عَامِرٍ الشَّعْبِیِّ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّهُ كَانَ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَتَبَرَّزَ، ثُمَّ جَاءَ، فَقَالَ: هَلْ مِنْ طَهُورٍ؟ فَاَتَيْتُهُ بِمَاءٍ، فَغَسَلَ يَدَيْهِ وَوَجْهَهُ، ثُمَّ ذَهَبَ لِيَغْسِلَ ذِرَاعَيْهِ، فَضَاقَتْ بِهِ الْجُبَّةُ، وَكَانَتْ جُبَّةً مِنْ جُبَّاتِ الرُّومِ، فَاَدْرَعَ يَدَيْهِ

حضرت عروہ بن مغیرہ بن شعبہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ وہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ تھے' آپ نے قضاء حاجت فرمائی' پھر تشریف لائے' آپ نے فرمایا: کیا تمہارے پاس پانی ہے؟ میں آپ کے پاس پانی لے کر آیا تو آپ نے اپنے دونوں ہاتھ اور چہرہ کو دھویا' پھر آپ اپنی دو کلائیوں کو دھونے لگے تو اس کی آستینیں تنگ تھیں' وہ رومی جبہ تھا' آپ نے اپنے دونوں

8933- أخرجه البخاری: الوضوء جلد **1** صفحه **370** رقم الحديث: **206** مختصرًا . ومسلم: الطهارة جلد **1** صفحه **230**' وأبو داؤد: الطهارة جلد **1** صفحه **37** رقم الحديث: **151** واللفظ له .

Marfat.com

مِنْ تَحْتِ الْجُبَّةِ اِذْرَاعًا، فَغَسَلَ ذِرَاعَيْهِ، فَاَهْوَيْتُ اِلَى الْخُفَّيْنِ، فَقَالَ: دَعِ الْخُفَّيْنِ؛ فَاِنِّي قَدْ اَدْخَلْتُ الْقَدَمَيْنِ الْخُفَّيْنِ وَهُمَا طَاهِرَتَانِ ، فَمَسَحَ عَلَى الْخُفَّيْنِ

ہاتھ نیچے سے نکالے' دونوں ہاتھوں کو دھویا' میں آپ کے موزے اتارنے لگا' فرمایا: دونوں کو چھوڑ دو کیونکہ میں نے دونوں موزے حالت پاکی میں پہنے' آپ نے دونوں موزوں پر مسح کیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ اِلَّا شَرِيكٍ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ شَرِيكٍ اِلَّا اَسَدُ بْنُ مُوسَى، وَيَحْيَى بْنُ آدَمَ

یہ حدیث ابواسحاق سے شریک اور شریک سے اسد بن موسیٰ اور یحییٰ بن آدم روایت کرتے ہیں۔

8934 - حَدَّثَنَا مِقْدَامٌ، نا اَسَدُ بْنُ مُوسَى، نا اَبُو الرَّبِيعِ السَّمَّانِ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُؤْمِنَ الْمُحْتَرِفَ

حضرت سالم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل اس مؤمن کو پسند کرتا ہے جو اعتراف کرتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَالِمٍ اِلَّا عَاصِمُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو الرَّبِيعِ السَّمَّانُ، وَلَا يُرْوَى عَنِ ابْنِ عُمَرَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث سالم سے عاصم بن عبداللہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابوالربیع السمان اکیلے ہیں۔ حضرت ابن عمر سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

8935 - حَدَّثَنَا مِقْدَامٌ، نا اَسَدٌ، ثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي طَلْحَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي عَمْرَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَلَكٌ بِبَابٍ مِنْ اَبْوَابِ السَّمَاءِ، يَقُولُ: مَنْ يُقْرِضُ الْيَوْمَ يَجْزِ غَدًا، وَمَلَكٌ بِبَابٍ آخَرَ يَقُولُ: اللّٰهُمَّ اَعْطِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: آسمان کے دروازوں میں سے کسی دروازہ پر فرشتہ کہتا ہے: جو آج قرض دے گا' وہ کل اس کے لیے کافی ہوگا' دوسرے دروازے والا فرشتہ کہتا ہے: اے اللہ! خرچ والے کو دے اور جو نہ دے اس کو نہ دے۔

8934- اسناده فيه: عاصم بن عبيد الله بن عاصم: ضعيف . والحديث أخرجه الطبراني في الكبير جلد **12** صفحه **308** رقم الحديث: **13200**' وابن عدى في الكامل جلد **1** صفحه **369** . وانظر مجمع الزوائد جلد **4** صفحه **65** .

8935- اسناده حسن' فيه: أسد: صدوق يغرب . وانظر مجمع الزوائد جلد **10** صفحه **241** .

Marfat.com

مُنْفِقَ مَالٍ خَلَفًا وَاَعْطِ مُمْسِكَ مَالٍ تَلَفًا

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِی عَمْرَةَ اِلَّا اِسْحَاقُ، تَفَرَّدَ بِهِ: حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ

یہ حدیث عبدالرحمٰن بن ابوعمرہ سے اسحاق روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں حماد بن سلمہ اکیلے ہیں۔

8936 - حَدَّثَنَا مِقْدَامٌ، ثَنَا اَسَدٌ، ثَنَا سَعِيدُ بْنُ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَوْدِيِّ، عَنْ اَبِی الدَّرْدَاءِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ ذَكَرَ امْرَاً بِمَا لَيْسَ فِيهِ لِيَعِيبَهُ بِمَا لَيْسَ فِيهِ حَبَسَهُ اللّٰهُ فِی نَارِ جَهَنَّمَ حَتَّى يَاْتِیَ بِنَفَاذِ مَا قَالَ فِيهِ

حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس کو کسی آدمی نے وہ بات کہی جو اس میں نہیں ہے تا کہ اس کو عیب لگائے تو اللہ عزوجل اس کو جہنم میں ڈالے گا یہاں تک کہ جو اس میں تھا وہ ختم ہو جائے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ اِلَّا سَعِيدُ بْنُ سَالِمٍ

یہ حدیث ابن جریج سے سعید بن سالم روایت کرتے ہیں۔

8937 - حَدَّثَنَا مِقْدَامٌ، نا اَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثَنَا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ، عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ حُمْرَةَ، عَنْ حِطَّانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الرَّقَاشِیِّ، عَنْ اَبِی الدَّرْدَاءِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الزَّكَاةُ قَنْطَرَةُ الْاِسْلَامِ

حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: زکوٰۃ اسلام کا خزانہ ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ، عَنْ اَبِی الدَّرْدَاءِ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ

یہ حدیث ابوالدرداء سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں بقیہ بن ولید اکیلے ہیں۔

8938 - حَدَّثَنَا مِقْدَامٌ، ثَنَا اَسَدٌ، ثَنَا عَبْدُ

حضرت ضحاک بن مزاحم فرماتے ہیں کہ میں اور

8936- اسناده فيه: أ- أسد: صدوق يغرب . ب- سعيد بن سالم: صدوق يهم . ج- عمرو بن عبد الله الأودى: لم أجده . وانظر مجمع الزوائد جلد**8**صفحه**97** .

8937- اسناده فيه: أ- بقية بن الوليد: صدوق كثير التدليس' ولم يصرح بالسماع . ب- الضحاك بن حمزة: ضعيف . وعزاه الحافظ الهيثمى للكبير . انظر مجمع الزوائد جلد**3**صفحه**65** .

8938- اسناده فيه: نهشل بن سعيد: متروك . وانظر مجمع الزوائد جلد**7**صفحه**211** .

Marfat.com

الْوَاحِدِ الْبَزَّارُ، نا نَهْشَلُ بْنُ سَعِيدٍ، عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ مُزَاحِمٍ قَالَ: اجْتَمَعْتُ اَنَا وَطَاوُسُ الْيَمَانِيُّ، وَعَمْرُو بْنِ دِينَارٍ الْمَكِّيُّ، وَمَكْحُولٌ الشَّامِيُّ، وَالْحَسَنُ الْبَصْرِيُّ، فِي مَسْجِدِ الْخَيْفِ، فَتَذَاكَرْنَا الْقَدَرَ حَتَّى ارْتَفَعَتْ اَصْوَاتُنَا وَكَثُرَ لَغْطُنَا، فَقَامَ طَاوُسُ، فَقَالَ: اَنْصِتُوا اُخْبِرُكُمْ مَا سَمِعْتُ اَبَا الدَّرْدَاءِ، يُخْبِرُ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ افْتَرَضَ عَلَيْكُمْ فَرَائِضَ فَلَا تُضَيِّعُوهَا، وَحَدَّ لَكُمْ حُدُودًا فَلَا تَعْتَدُوهَا، وَنَهَاكُمْ عَنْ اَشْيَاءَ فَلَا تَنْتَهِكُوهَا، وَسَكَتَ عَنْ اَشْيَاءَ مِنْ غَيْرِ نِسْيَانٍ فَلَا تَكَلَّفُوهَا رَحْمَةً مِنْ رَبِّكُمْ فَاقْبَلُوهَا، اَلْاُمُورُ كُلُّهَا بِيَدِ اللّٰهِ، مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ مَصْدَرُهَا، وَاِلَيْهِ مَرْجِعُهَا لَيْسَ لِلْعِبَادِ فِيهَا تَفْوِيضٌ وَلَا مَشِيئَةٌ فَقَامَ الْقَوْمُ جَمِيعًا وَهُمْ رَاضُونَ بِمَا قَالَ طَاوُسُ

طاؤس یمانی اور عمرو بن دینار المکی اور مکحول الشامی اور حسن بصری مسجد خیف میں جمع ہوئے' ہم تقدیر کے متعلق مذاکرہ کرنے لگے' یہاں تک کہ ہماری آوازیں بلند ہوئیں اور ہماری لغویات زیادہ ہوئیں تو حضرت طاؤس کھڑے ہوئے' فرمایا کہ خاموش ہو جاؤ! میں تم کو بتاؤں جو میں نے حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ سے سنا حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حوالہ سے بیان کرتے ہوئے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل نے تم پر فرض مقرر کیے ہیں ان کو ضائع نہ کرو' تمہارے لیے حدیں مقرر کی ہیں' ان سے تجاوز نہ کرو' تم کو کئی اشیاء سے منع کیا' ان کی بے حرمتی نہ کرو' کچھ اشیاء بغیر بھولے بیان نہ کریں' ان کے تکلفات میں نہ پڑو' تمہارے رب کی طرف سے رحمت ہے قبول کرو' سارے کام اللہ کے قبضۂ قدرت میں ہیں' اللہ کی طرف سے آتے ہیں اس کی طرف لوٹ کر جاتے ہیں' بندوں کو نہ سونپے گئے ہیں نہ ان کو چاہت ہے۔ سارے لوگ کھڑے ہوئے جو حضرت طاؤس نے فرمایا اس پر راضی ہوئے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ، عَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَسَدُ بْنُ مُوسَى

یہ حدیث ابوالدرداء سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں اسد بن موسیٰ اکیلے ہیں۔

8939 - حَدَّثَنَا مِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا اَسَدُ بْنُ مُوسَى، نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي خَالِدُ بْنُ

حضرت یحییٰ بن محمد بن بشر انصاری اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب اللہ

8939- اسناده فيه: أ- سالم بن شريح الأنصاري' وفي كتب التراجم (سلمة): مجهول . انظر التاريخ الكبير جلد 4 صفحه 76' الجرح والتعديل جلد4صفحه164' لسان الميزان جلد 3صفحه69 . ب- يحيى بن محمد بن بشير الأنصاري: مجهول . انظر الجرح جلد 4صفحه164 . وقال الحافظ الهيثمي: فيه من لم أعرفه . انظر مجمع الزوائد جلد4صفحه72 .

Marfat.com

حُمَيْدٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ شُرَيْحٍ الْاَنْصَارِيّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ بِشْرٍ الْاَنْصَارِيّ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا اَرَادَ اللّٰهُ بِعَبْدٍ هَوَانًا اَنْفَقَ مَالَهُ فِي الْبُنْيَانِ

عزوجل کسی بندے سے ناراض ہوتا ہے تو اس کا مال محلات کے بننے پر خرچ کرواتا ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ، عَنِ ابْنِ بِشْرٍ الْاَنْصَارِيِّ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ وَهْبٍ

یہ حدیث ابن بشیر انصاری سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں ابن وہب اکیلے ہیں۔

8940 - حَدَّثَنَا مِقْدَامٌ، ثَنَا اَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثَنَا رَوْحُ بْنُ مُسَافِرٍ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ وَرَقَةَ الْاَنْصَارِيّ قَالَ: قُلْتُ: يَا مُحَمَّدُ، كَيْفَ يَاْتِيكَ؟، يَعْنِي: جِبْرِيلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَاْتِينِي مِنَ السَّمَاءِ جَنَاحَاهُ لُؤْلُؤٌ، وَبَاطِنُ قَدَمَيْهِ اَخْضَرُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما' ورقہ انصاری سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! حضرت جبریل علیہ السلام آپ کے پاس کیسے آئے ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: آسمان سے میرے پاس آئے ہیں' ان کے دونوں پَر موتیوں کے ہیں' ان کے قدموں کے تلوے سبز ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ، عَنِ الْاعمشِ اِلَّا رَوْحُ بْنُ مُسَافِرٍ

یہ حدیث اعمش سے روح بن مسافر روایت کرتے ہیں۔

8941 - حَدَّثَنَا مِقْدَامٌ، ثَنَا اَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ اَبِي بَكْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي مَرْيَمَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْطَاةَ، عَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ،

حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپؐ نے فرمایا: جو کوئی بندہ لا الہ الا اللہ واللہ اکبر پڑھتا ہے اللہ عزوجل اس کے چوتھے حصہ کو

8940- اسناده فيه: أ- روح بن مسافر: متروك . ب- عبد الله بن عبد الرحمٰن: لم أجده . ج- سيدنا ابن عباس لم يسمع فی ورقة الأنصاری . انظر الاصابة جلد **3** صفحه **633** والحديث أخرجه الطبراني فی الكبير جلد **22** صفحه **153** . وانظر مجمع الزوائد جلد **8** صفحه **259** .

8941- اسناده فيه: أبو بكر بن عبد الله بن أبی مريم الشامی: ضعيف . وعزاه الحافظ الهيثمی للكبير وضعفه . انظر مجمع الزوائد جلد **10** صفحه **90** . والاسناد وان كان فيه اسماعيل بن عياش لكنه حدث عن واحد من أهل بلده . والله أعلم .

Marfat.com

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا مِنْ عَبْدٍ يَقُولُ: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ اِلَّا اَعْتَقَ اللّٰهُ رُبُعَهُ مِنَ النَّارِ، فَاِنْ قَالَهَا مَرَّتَيْنِ اَعْتَقَ اللّٰهُ شَطْرَهُ مِنَ النَّارِ، فَاِنْ قَالَهَا ثَلَاثًا اَعْتَقَ اللّٰهُ ثَلَاثَةَ اَرْبَاعِهِ مِنَ النَّارِ، فَاِنْ قَالَهَا اَرْبَعًا اَعْتَقَهُ اللّٰهُ مِنَ النَّارِ

جہنم سے آزاد کرتا ہے' جو دو مرتبہ پڑھے اس کے ایک حصے کو جہنم سے آزاد کرتا ہے' جو تین دفعہ پڑھے تو اس کے تین حصے جہنم سے آزاد کرتا ہے' جو چار دفعہ پڑھے تو اس کے مکمل جسم کو جہنم سے آزاد کرتا ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ، عَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ

یہ حدیث ابوالدرداء سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں ابوبکر بن ابومریم اکیلے ہیں۔

8942 - حَدَّثَنَا مِقْدَامٌ، نا اَسَدُ بْنُ مُوسَى، نا يُوسُفُ بْنُ زِيَادٍ، عَنْ عَبْدِ الْمُنْعِمِ بْنِ اِدْرِيسَ، عَنْ اَبِيهِ اِدْرِيسَ، عَنْ جَدِّهِ وَهْبِ بْنِ مُنَبِّهٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَجُلًا مِنَ الْيَهُودِ اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا اَبَا الْقَاسِمِ، هَلِ احْتَجَبَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ عَنْ خَلْقِهِ بِشَيْءٍ غَيْرِ السَّمَوَاتِ وَالْاَرْضِ؟ قَالَ:: نَعَمْ، بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْمَلَائِكَةِ الَّذِينَ حَوْلَ الْعَرْشِ سَبْعُونَ حِجَابًا مِنْ نَارٍ، وَسَبْعُونَ حِجَابًا مِنْ نُورٍ، وَسَبْعُونَ حِجَابًا مِنْ ظُلْمَةٍ، وَسَبْعُونَ حِجَابًا مِنْ رَفَارِفِ الْاِسْتَبْرَقِ، وَسَبْعُونَ حِجَابًا مِنْ رَفَارِفِ السُّنْدُسِ، وَسَبْعُونَ حِجَابًا مِنْ دُرٍّ اَبْيَضَ، وَسَبْعُونَ حِجَابًا مِنْ دُرٍّ اَحْمَرَ، وَسَبْعُونَ حِجَابًا مِنْ دُرٍّ اَصْفَرَ، وَسَبْعُونَ حِجَابًا مِنْ دُرٍّ اَخْضَرَ، وَسَبْعُونَ حِجَابًا مِنْ ضِيَاءِ اسْتَضَاءَ هَا مِنَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ یہودی آدمی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا' اس نے عرض کی: اے ابوالقاسم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! کیا اللہ عزوجل کے ہاں مخلوق سے زمین وآسمانوں کے علاوہ پردہ ہے؟ آپ نے فرمایا: جی ہاں! اس کے درمیان اور عرش کے اردگرد فرشتوں کے درمیان ستر پردے ہیں آگ کے اور ستر نور کے' ستر تاریکی کے' ستر رفارف استبرق کے' ستر رفارف سندس کے' ستر سفید موتیوں کے' ستر سرخ موتیوں کے' ستر زرد موتیوں کے' ستر سبز موتیوں کے' ستر اس روشنی سے جس سے آگ اور نور روشن ہوتے ہیں' ستر اولوں کے' ستر پانی کے' ستر بادلوں کے' ستر برف کے' ستر اللہ کی عظمت کے جس تک کوئی رسائی نہیں کرسکتا ہے۔ اس یہودی نے عرض کی: مجھے اس فرشتے کے متعلق بتائیں جو اس کے ساتھ ہے' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے یہودی! کیا تو

8942- اسناده فيه: أ- يوسف بن زياد البصرى أبو عبد الله: منكر الحديث . انظر لسان الميزان جلد 6صفحه 321 .
ب-عبد المنعم بن ادريس بن سنان اليمانى: متهم بالوضع . انظر لسان الميزان جلد 4صفحه 73 . ج- ادريس بن سنان أبو الياس الصنعانى: ضعيف . انظر التقريب (296) . وانظر مجمع الزوائد جلد 1صفحه 83 .

Marfat.com

النَّارِ وَالنُّورِ، وَسَبْعُونَ حِجَابًا مِنْ ثَلْجٍ، وَسَبْعُونَ حِجَابًا مِنْ مَاءٍ، وَسَبْعُونَ حِجَابًا مِنْ غَمَامٍ، وَسَبْعُونَ حِجَابًا مِنْ بَرَدٍ، وَسَبْعُونَ حِجَابًا مِنْ عَظَمَةِ اللّٰهِ الَّتِی لَا تُوصَفُ قَالَ: فَاَخْبِرْنِی عَنْ مُلْكِ اللّٰهِ الَّذِی یَلِیهِ، فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: اَصَدَقْتُ فِیمَا اَخْبَرْتُكَ یَا یَهُودِیُّ؟ قَالَ: نَعَمْ قَالَ: فَاِنَّ الْمَلَكَ الَّذِی یَلِیهِ اِسْرَافِیلُ، ثُمَّ جِبْرِیلُ، ثُمَّ مِیكَائِیلُ، ثُمَّ مَلَكُ الْمَوْتِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِمْ اَجْمَعِینَ

اس کی تصدیق کرے گا جس کی میں تمہیں خبر دے رہا ہوں؟ اس نے عرض کی: جی ہاں! آپ نے فرمایا: جو فرشتہ اس سے قریب ہے وہ اسرافیل ہے' پھر جبریل' پھر میکائیل' پھر عزرائیل علیہم السلام ہیں۔

لَا یُرْوَی هَذَا الْحَدِیثُ، عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَسَدٌ

یہ حدیث حضرت ابوہریرہ سے اسی سند سے روایت ہے۔اس کو روایت کرنے میں اسدا کیلے ہیں۔

8943 - حَدَّثَنَا مِقْدَامٌ، نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِی ابْنُ لَهِیعَةَ، عَنْ یَزِیدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْهَادِ، عَنْ مُوسَی بْنِ سَرْجِسٍ، عَنْ اِسْمَاعِیلَ بْنِ اَبِی حَكِیمٍ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَیْرِ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ اَكَلَ بِشِمَالِهِ اَكَلَ مَعَهُ شَیْطَانٌ، وَمَنْ شَرِبَ بِشِمَالِهِ شَرِبَ مَعَهُ شَیْطَانٌ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جو بائیں ہاتھ سے کھاتا ہے' اس کے ساتھ شیطان کھاتا ہے' جو بائیں ہاتھ سے پیتا ہے اس کے ساتھ شیطان پیتا ہے۔

لَمْ یَرْوِ هَذَا الْحَدِیثَ، عَنْ اِسْمَاعِیلَ بْنِ اَبِی حَكِیمٍ اِلَّا مُوسَی بْنُ سَرْجِسٍ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ مُوسَی اِلَّا ابْنُ الْهَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ لَهِیعَةَ

یہ حدیث اسماعیل بن ابوحکیم سے موسیٰ بن سرجس اور موسیٰ سے ابن ھاد روایت کرتے ہیں۔اس کو روایت کرنے میں ابن لہیعہ اکیلے ہیں۔

8943- اسناده فیه: موسی بن سرجس: مستور . وأخرجه الامام أحمد فی مسنده (**7716**) واسناده ضعیف فیه رشدین بن سعد . وانظر مجمع الزوائد جلد **5** صفحه **28** . والحدیث وان كان فیه عبد الله بن لهیعة لكن الذی حدث عنه هو أحد العبادلة' لكنه مع هذا مدلس وقد عنعنه .

Marfat.com

8944 - حَدَّثَنَا مِقْدَامٌ، ثَنَا اَبُو الْاَسْوَدِ النَّضْرُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ، ثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ عَيَّاشِ بْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِی صَالِحٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتَّى يَغْلِبَ اَهْلُ الْمُدِّ عَلَى مُدِّهِمْ، وَاَهْلُ الْقَفِيزِ عَلَى قَفِيزِهِمْ، وَاَهْلُ الْاِرْدَبِّ عَلَى اِرْدَبِّهِمْ، وَاَهْلُ الدِّينَارِ عَلَى دِينَارِهِمْ، وَاَهْلُ الدِّرْهَمِ عَلَى دِرْهَمِهِمْ، وَيَرْجِعُ النَّاسُ اِلَى بِلَادِهِمْ لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ، عَنْ عَيَّاشِ بْنِ عَبَّاسٍ اِلَّا ابْنُ لَهِيعَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو الْاَسْوَدِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: قیامت نہیں آئے گی یہاں تک کہ مُد والے اپنے مُد پر غالب آئیں گے اور قفیز والے گندم پر غالب آئیں گے اور اردبّ والے اردبّ پر غالب آئیں گے اور دینار والے دینار پر غالب آئیں گے اور درہم والے درہموں پر غالب آئیں گے' لوگ اپنے شہروں کی طرف لوٹیں گے۔

یہ حدیث عیاش سے ابن لہیعہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابوالاسود اکیلے ہیں۔

8945 - حَدَّثَنَا مِقْدَامٌ، ثَنَا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، ثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْاَشَجِّ، عَنْ صَالِحِ بْنِ اَبِی صَالِحٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا مِنْ صَاحِبِ ذَهَبٍ وَلَا فِضَّةٍ لَا يُؤَدِّی حَقَّهَا اِلَّا جُعِلَتْ صَفَائِحُ مِنْ نَارٍ ثُمَّ اُحْمِیَ عَلَيْهَا فِی نَارِ جَهَنَّمَ، فَتُكْوَى بِهَا جَبْهَتُهُ وَظَهْرُهُ فِی يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهُ خَمْسِينَ اَلْفِ سَنَةٍ، حَتَّى يُقْضَى بَيْنَ النَّاسِ، فَيَرَى سَبِيلَهُ اِمَّا اِلَى الْجَنَّةِ، وَاِمَّا اِلَى النَّارِ، وَمَا مِنْ صَاحِبِ اِبِلٍ لَا يُؤَدِّی حَقَّهَا، وَمِنْ حَقِّهَا حِلَابُهَا يَوْمَ وَرْدِهَا، اِلَّا اُتِیَ بِهَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ لَا يَفْقِدُ مِنْهَا فَصِيلًا وَاحِدًا، فَيُبْطَحُ لَهَا بِقَاعٍ قَرْقَرٍ، تَطَاهُ بِاَخْفَافِهَا،

یہ حدیث عیاش سے ابن لہیعہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابوالاسود اکیلے ہیں۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کوئی نہیں ہے سونے چاندی والا جو ان کا حق ادا نہیں کرتا مگر یہ ان کے لیے آگ کی تختیاں ہوں گی پھر ان کو جہنم کی آگ میں تپایا جائے گا۔ ان کے ساتھ اس کا منہ اور پیٹھ داغی جائے گی اس دن' جس کی مقدار پچاس ہزار سال ہے یہاں تک کہ لوگوں کے درمیان فیصلہ کر دیا جائے' پس وہ اپنا راستہ خود ہی دیکھ لے گا' جن کی طرف ہے یا دوزخ کی طرف' جو اونٹنی والا اس کا حق ادا نہیں کرے گا اس کا حق بچہ جننے کے دن دودھ پلانا ہے مگر اسے قیامت کے دن لایا جائے گا' اس کا ہر چھوٹا بچہ ساتھ ہوگا۔ اس آدمی کو کھلی زمین میں ڈال دیا جائے گا' وہ اونٹ کے بچے اسے اپنے

8945- أخرجه البخاری: الزكاة جلد **3** صفحه **314** رقم الحديث: **1402** بلفظ: تأتی الابل على صاحبها على خير ما كانت..... ومسلم: الزكاة جلد **2** صفحه **680** واللفظ له.

Marfat.com

وَتَعَضُّهُ بِاَفْوَاهِهَا، كُلَّمَا مَرَّ عَلَيْهِ آخِرُهَا مَرَّ عَلَيْهِ اَوَّلُهَا فِي يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهُ خَمْسِينَ اَلْفِ سَنَةٍ حَتَّى يُقْضَى بَيْنَ النَّاسِ، وَمَا مِنْ صَاحِبِ بَقَرٍ وَلَا غَنَمٍ لَا يُؤَدِّي حَقَّهَا اِلَّا اُتِيَ بِهَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ، ثُمَّ يُبْطَحُ لَهَا بِقَاعٍ قَرْقَرٍ، لَيْسَ فِيهَا عَضْبَاءُ وَلَا مَكْسُورَةُ الْقَرْنِ، فَتَطَؤُهُ بِاَظْلَافِهَا وَتَنْطَحُهُ بِقُرُونِهَا، فِي يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهُ خَمْسِينَ اَلْفِ سَنَةٍ، كُلَّمَا مَرَّ عَلَيْهِ آخِرُهَا مَرَّ عَلَيْهِ اَوَّلُهَا حَتَّى يُقْضَى بَيْنَ النَّاسِ، فَيَرَى سَبِيلَهُ اِمَّا اِلَى الْجَنَّةِ وَاِمَّا اِلَى النَّارِ

پاؤں کے ساتھ روندیں گے اور اپنے مونہوں کے ساتھ اسے کھائیں گے جب بھی اوّل سے لے کر آخر تک سارے گزر جائیں گے تو پھر پہلا گزرنا شروع کر دے گا' ایک ایسے دن میں جس کی مقدار پچاس ہزار سال ہے یہاں تک کہ لوگوں کے درمیان فیصلہ کر دیا جائے۔ گائے بکری والا جو ان کا حق ادا نہیں کرتا اسے قیامت کے دن لایا جائے گا پھر اسے کھلی زمین پر ڈال دیا جائے گا' سینگوں والے اور بغیر سینگوں کے سب موجود ہوں گے' اسے اپنے کھروں سے روندیں گے اور سینگوں سے ماریں گے' جب بھی آخری گزر جائے گا تو پھر پہلا آ جائے گا' یہاں تک کہ لوگوں کے درمیان فیصلہ کر دیا جائے' وہ جنت و دوزخ کا اپنا راستہ دیکھ لے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ، عَنْ صَالِحِ بْنِ اَبِي صَالِحٍ اِلَّا بُكَيْرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ لَهِيعَةَ

اس حدیث کو صالح بن ابی صالح سے بکیر بن عبداللہ روایت کرتے ہیں اور ابن لہیعہ اکیلے روایت کرتے ہیں۔

8946 - حَدَّثَنَا مِقْدَامٌ، ثَنَا خَالِدُ بْنُ نِزَارٍ، ثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ يَحْيَى بْنِ طَلْحَةَ، عَنِ الْمُسَيَّبِ بْنِ رَافِعٍ، عَنْ جَرِيرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَجَلِيِّ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَا اَيُّهَا النَّاسُ، تَصَدَّقُوا وَتَقَرَّبُوا اِلَى اللّٰهِ ، ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، فَلَمْ يَجِئْ اَحَدٌ بِشَيْءٍ، حَتَّى رُئِيَ فِي وَجْهِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ قَالَ: اَيُّهَا النَّاسُ، تَصَدَّقُوا

حضرت جریر بن عبداللہ بجلی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے لوگو! صدقات و خیرات کے ذریعے اللہ کا قرب حاصل کرو۔ یہ بات تین بار فرمائی۔ کوئی آدمی' کوئی چیز لے کر نہ آیا یہاں تک کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چہرۂ اقدس میں ناگواری دیکھی گئی۔ پھر فرمایا: اے لوگو! صدقہ کرو اور اللہ کے قریب ہو جاؤ۔ ایک انصاری کھڑا ہوا' وہ کنگن کا ٹکڑا

8946- أخرجه مسلم: الزكاة جلد **2** صفحه **704**' والنسائي: الزكاة جلد **5** صفحه **56** (باب التحريض على الصدقة) .
وأحمد: المسند جلد **4** صفحه **438** رقم الحديث: **19197** بنحوه .

Marfat.com

وَتَقَرَّبُوا اِلَى اللّٰهِ ، فَقَامَ رَجُلٌ مِنَ الْاَنْصَارِ، فَجَاءَ بِقِطْعَةِ سِوَارٍ، فَاَخَذَ مِنْهُ، فَلَمَّا رَاَى ذٰلِكَ النَّاسُ تَتَابَعُوا فِي الصَّدَقَةِ، فَاَسْفَرَ وَجْهُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ قَالَ: مَنْ سَنَّ فِي الْاِسْلَامِ سُنَّةً حَسَنَةً كَانَ لَهُ اَجْرُهَا وَمِثْلُ اَجْرِ مَنْ عَمِلَ بِهَا اِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ، لَا يَنْقُصُ مِنْ اُجُورِهِمْ شَيْئًا، وَمَنْ سَنَّ سُنَّةً سَيِّئَةً كَانَ لَهُ وِزْرُهَا وَوِزْرُ مِنْ عَمِلَ بِهَا اِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ، لَا يَنْقُصُ مِنْ اَوْزَارِهِمْ شَيْئًا

لایا۔ آپ نے اس سے لے لیا' جب دوسرے لوگوں نے یہ بات دیکھی تو پے در پے صدقہ دینے لگے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چہرے میں اضافہ ہوگیا' پھر فرمایا: جس نے اسلام میں اچھا طریقہ ایجاد کیا' اسے اس کا اجر بھی ملے گا اور قیامت تک جو آدمی اس پر عمل کرے گا' اس کا اجر بھی ملے گا' بعد والوں کے اجر میں کمی بھی نہیں کی جائے گی اور جس نے بُرا طریقہ رائج کیا۔ اس کا بوجھ اور بعد میں اس پر عمل کرنے والوں کا بوجھ اس پر ہوگا' ان کے بوجھوں میں کمی نہیں کی جائے گی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ، عَنِ الْمُسَيَّبِ بْنِ رَافِعٍ اِلَّا اِسْحَاقُ بْنُ يَحْيَى بْنِ طَلْحَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: خَالِدُ بْنُ نِزَارٍ

یہ حدیث حضرت مسیّب بن رافع سے اسحاق بن یحییٰ بن طلحہ روایت کرتے ہیں۔ اس حدیث کو روایت کرنے میں خالد بن نزار اکیلے ہیں۔

8947 - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ، نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ التِّنِّيسِيُّ، نا عُمَرُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِي هِنْدٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الضِّرَارُ فِي الْوَصِيَّةِ مِنَ الْكَبَائِرِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: وصیت میں کمی کرنا کبیرہ گناہوں میں سے ہے۔

لَمْ يَرْفَعْ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِي هِنْدٍ اِلَّا عُمَرُ بْنُ الْمُغِيرَةِ

یہ حدیث داؤد بن ابو ہند سے عمر بن مغیرہ روایت کرتے ہیں۔

8948 - حَدَّثَنَا مِقْدَامٌ، نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُغِيرَةِ، ثَنَا هِشَامُ بْنُ حَسَّانَ، عَنْ عَائِشَةَ بِنْتِ عَرَارٍ، عَنْ مُعَاذَةَ الْعَدَوِيَّةِ،

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ تم اپنے شوہروں کو پاخانہ اور پیشاب کرنے کے بعد (پانی کے ساتھ) استنجاء کرنے کا حکم دو' میں حکم کرنے سے حیاء

8947- أخرجه ابن جرير الطبرى فى تفسيره جلد3صفحه630 رقم الحديث:8785 .

8948- أخرجه الترمذى فى الطهارة جلد 1صفحه30 رقم الحديث: 19' والنسائى فى الطهارة جلد 1صفحه39 (باب الاستنجاء بالماء) . وأحمد فى المسند جلد6صفحه127 رقم الحديث:24880 .

Marfat.com

عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: مُرْنَ اَزْوَاجَكُنَّ بِغَسْلِ اَثَرِ الْغَائِطِ وَالْبَوْلِ؛ فَاِنِّی اَسْتَحْیِی اَنْ آمُرَهُمْ بِذَلِكَ، اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَفْعَلُهُ

کرتی ہوں اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایسے کرتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَائِشَةَ بِنْتِ عَرَارٍ اِلَّا هِشَامُ بْنُ حَسَّانَ

یہ حدیث عائشہ بنت عرار سے ہشام بن حسان روایت کرتے ہیں۔

8949 - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ، ثَنَا اَبُو الْاَسْوَدِ النَّضْرُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ، ثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ خَالِدِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ اَبِی الزُّبَيْرِ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِی رَبَاحٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: اَمَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نِسَاءَهُ، وَصِبْيَتَهُ لَيْلَةَ الْمُزْدَلِفَةِ وَاَنَا فِيهِمْ فَارْتَحَلُوا بِسَحَرٍ حَتَّی صَلَّيْنَا الصُّبْحَ بِمِنًی

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنی ازواج کو مزدلفہ کی رات حکم دیتے تھے' میں ان میں ہوتا تھا کہ سحری کے وقت نکل جاؤ یہاں تک کہ ہم صبح کی نماز منیٰ میں ادا کرتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ خَالِدِ بْنِ يَزِيدَ اِلَّا ابْنُ لَهِيعَةَ

یہ حدیث خالد بن یزید سے ابن لہیعہ روایت کرتے ہیں۔

8950 - حَدَّثَنَا مِقْدَامٌ، ثَنَا اَبُو الْاَسْوَدِ، ثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِی حَبِيبٍ، عَنِ الْمَقْبُرِیِّ، عَنْ عَوْنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ، قَالَ: نَهَی رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الصَّلَاةِ نِصْفَ النَّهَارِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نصف دن کو نماز پڑھنے سے منع فرمایا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَوْنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اِلَّا الْمَقْبُرِیُّ، وَلَا عَنِ الْمَقْبُرِیِّ اِلَّا يَزِيدُ بْنُ اَبِی حَبِيبٍ، تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ لَهِيعَةَ

یہ حدیث عون بن عبداللہ سے مقبری روایت کرتے ہیں اور مقبری سے یزید بن ابوحبیب روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابن لہیعہ اکیلے

8949- أصله عند البخاری ومسلم: أخرجه البخاری فی الحج جلد **3** صفحه **615** رقم الحديث: **1678**' ومسلم: فی الحج جلد **2** صفحه **941** مختصرًا . والطبرانی فی الكبير جلد **11** صفحه **200** رقم الحديث: **11489** بنحوه .

8950- اسناده فيه: ابن لهيعة صدوق لكنه اختلط (التقريب) .

Marfat.com

ہیں۔

8951 - حَدَّثَنَا مِقْدَامٌ، ثَنَا اَبُو الْاَسْوَدِ النَّضْرُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ، ثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ عَيَّاشِ بْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ شُيَيْمِ بْنِ بَيْتَانَ، عَنْ بُسْرِ بْنِ اَبِی اَرْطَاةَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا تُقْطَعُ الْاَيْدِی فِی الْغَزْوِ

حضرت بسر بن ابوارطاۃ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: جہاد میں ہاتھ نہیں کاٹے جائیں گے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ بُسْرِ بْنِ اَبِی اَرْطَاةَ، اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ عَيَّاشُ بْنُ عَبَّاسٍ

یہ حدیث بسر بن ابوارطاۃ سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں عیاش بن عباس اکیلے ہیں۔

8952 - حَدَّثَنَا مِقْدَامٌ، ثَنَا اَبُو الْاَسْوَدِ، نَا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ عَيَّاشِ بْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْاَشَجِّ، عَنْ عَمْرَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّهَا سَمِعَتِ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا تُقْطَعُ الْيَدُ اِلَّا فِيمَا بَلَغَ رُبُعَ دِينَارٍ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: ہاتھ چار درہم کی مقدار چوری کرنے پر کاٹے جائیں گے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَيَّاشِ بْنِ عَبَّاسٍ اِلَّا ابْنُ لَهِيعَةَ

یہ حدیث عیاش بن عباس سے ابن لہیعہ روایت کرتے ہیں۔

8953 - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ، ثَنَا اَبُو الْاَسْوَدِ، نَا

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ

8951- أخرجه أبو داؤد فی الحدود جلد4صفحه140 رقم الحديث:4408' والترمذی فی الحدود جلد4صفحه53 رقم الحديث:1450 . قال أبو عيسٰی: هذا حديث قريب . والنسائی فی السارق جلد8صفحه84 (باب القطع فی السفر) .

8952- أخرجه مسلم فی الحدود جلد3صفحه1312' والنسائی فی السارق جلد8صفحه73 (باب ذكر اختلاف أبی بكر بن محمد و عبد الله بن أبی بكر عن عمرة فی هذا الحديث) . وابن ماجة فی الحدود جلد 2صفحه862 رقم الحديث:2585' وأحمد فی المسند جلد6صفحه116 رقم الحديث:24779 .

8953- اسناده فيه: ابن لهيعة صدوق لكنه اختلط . تخريجه أحمد فی مسنده' من طريق ابن لهيعة . وانظر مجمع الزوائد جلد10صفحه283 .

Marfat.com

ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، اَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِنَّ الْعَبْدَ مَعَ مَنْ اَحَبَّ

انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: آدمی اس کے ساتھ ہوگا جس سے محبت کرتا ہوگا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ اِلَّا ابْنُ لَهِيعَةَ

یہ حدیث ابو زبیر سے ابن لہیعہ روایت کرتے ہیں۔

8954 - حَدَّثَنَا مِقْدَامٌ، ثَنَا اَبُو الْاَسْوَدِ، نَا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ نَوْفَلٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: مَا مَاتَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا مِنْ ذَاتِ الْجَنْبِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے' فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا وصال اس حالت میں ہوا کہ آپ کروٹ کے بل لیٹے ہوئے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ اِلَّا ابْنُ لَهِيعَةَ

یہ حدیث ابواسود سے ابن لہیعہ روایت کرتے ہیں۔

8955 - حَدَّثَنَا مِقْدَامٌ، نَا عَمِّي سَعِيدُ بْنُ عِيسَى، نَا مُفَضَّلُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ الْهَادِ، عَنْ مَرْوَانَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ ابْنِ اَخِي رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ قَالَ: اَقْبَلَ اِلَيْنَا رَافِعُ بْنُ خَدِيجٍ وَهُوَ يَقُولُ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ اَمْرٍ كَانَ بِكُمْ رَافِقًا، نَهَى عَنِ الْمُحَاقَلَةِ وَالْمُزَابَنَةِ، وَحَرَّمَ كِرَى الْاَرْضِ

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بیع محاقلہ اور مزابنہ سے منع کیا اور زمین کرایہ پر دینے کو حرام کیا۔

قَالَ ابْنُ الْهَادِ: وَحَدَّثَنِي اِبْرَاهِيمُ بْنُ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، عَنْ اَبِيهِ بِهَذَا . لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ

ابن ھاد فرماتے ہیں: مجھے ابراہیم بن رافع بن خدیج نے اپنے والد کے حوالہ سے یہ حدیث بتائی۔

8954- الكلام فى اسناده كسابقه . تخريجه أبو يعلىٰ فى المقصد العلى' من طريق ابن لهيعة بالاسناد' وانظر مجمع الزوائد جلد**9**صفحه**37** .

8955- أخرجه أبو داؤد فى البيوع جلد **3**صفحه**258** رقم الحديث: **3400**' والنسائى فى البيوع جلد **7**صفحه**234** (باب بيع الكرم بالزبيب) . وابن ماجة فى التجارات جلد**2**صفحه**762** رقم الحديث: **2267** .

Marfat.com

مَرْوَانَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ وَاِبْرَاهِيمَ بْنِ رَافِعٍ اِلَّا يَزِيدُ بْنُ الْهَادِ

8956 - حَدَّثَنَا مِقْدَامٌ، نَا عَمِّي سَعِيدُ بْنُ عِيسَى، ثَنَا مُفَضَّلُ بْنُ فَضَالَةَ، نَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ، عَنْ يُونُسَ، وَعُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنِ ابْنِ الْمُسَيِّبِ، وَاَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا اَمَّنَ الْقَارِئُ فَاَمِّنُوا، فَمَنْ وَافَقَ تَاْمِينُهُ تَاْمِينَ الْمَلَائِكَةِ غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب امام آمین کہے تو تم بھی آمین کہو کیونکہ جس کی آمین فرشتوں کی آمین کے موافق ہوگئی اس کے پچھلے گناہ معاف ہوں گے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ مَقْرُونًا عَنْ يُونُسَ وَعُقَيْلٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيدٍ، وَاَبِي سَلَمَةَ اِلَّا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ، وَلَا عَنْ يَحْيَى اِلَّا مُفَضَّلُ بْنُ فَضَالَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ سَعِيدُ بْنُ عِيسَى

یہ حدیث مقرون یونس اور عقیل' زہری سے' وہ سعید ابوسلمہ سے' یہ یحییٰ بن ایوب سے' اور یحییٰ سے مغفل بن فضالہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں سعید بن عیسیٰ اکیلے ہیں۔

8957 - حَدَّثَنَا مِقْدَامٌ، نَا سَعِيدُ بْنُ عِيسَى، ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ اَشْرَسَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ اَخِيهِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِي رَبَاحٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: كُلُّ فِجَاجِ مَكَّةَ مَنْحَرٌ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مکہ کی ہر گلی قربانی کرنے کی جگہ ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اِلَّا اَخُوهُ عَبْدُ اللّٰهِ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ اِلَّا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ اَشْرَسَ، وَلَا عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ اِلَّا سَعِيدُ بْنُ عِيسَى وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نَافِعٍ، عَبْدُ اللّٰهِ

یہ حدیث عبیداللہ بن عمر سے ان کے بھائی عبداللہ اور عبداللہ سے عبدالرحمٰن بن اشرس اور عبدالرحمٰن سے سعید بن عیسیٰ اور عبداللہ بن نافع' عبداللہ بن ابوصالح سے روایت کرتے ہیں۔

8956- أخرجه البخاری فی الأذان جلد**2**صفحه**306** رقم الحديث: **780**' ومسلم فی الصلاة جلد **1**صفحه **307** .

8957- أخرجه الطبرانی فی الكبير جلد**11**صفحه**165** رقم الحديث: **11376** .

Marfat.com

بْنُ اَبِی صَالِحٍ

8958 - حَدَّثَنَا مِقْدَامٌ، ثَنَا اَبُو الْاَسْوَدِ النَّضْرُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ، ثَنَا بَكْرُ بْنُ مُضَرَ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ رَبِيعَةَ، عَنْ اَبِی الْاَسْوَدِ، عَنْ عَامِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ سُلَيْمٍ، عَنْ اَبِی قَتَادَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا دَخَلَ اَحَدُكُمُ الْمَسْجِدَ فَلَا يَجْلِسْ حَتَّى يُصَلِّيَ رَكْعَتَيْنِ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِی الْاَسْوَدِ اِلَّا جَعْفَرُ بْنُ رَبِيعَةَ، وَلَا عَنْ جَعْفَرٍ اِلَّا بَكْرُ بْنُ مُضَرَ، تَفَرَّدَ بِهِ اَبُو الْاَسْوَدِ

حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی مسجد میں داخل ہوتو دو رکعت (نفل) پڑھنے سے پہلے نہ بیٹھے۔

یہ حدیث ابواسود سے جعفر بن ربیعہ اور جعفر سے بکر بن مضر روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابوالاسود اکیلے ہیں۔

8959 - حَدَّثَنَا مِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ التِّنِّيسِيُّ، ثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ عَيَّاشِ بْنِ عَبَّاسٍ الْقِتْبَانِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي الْعَتَمَةَ، ثُمَّ يُصَلِّي فِی الْمَسْجِدِ قَبْلَ اَنْ يَرْجِعَ اِلَى بَيْتِهِ سَبْعَ رَكَعَاتٍ، يُسَلِّمُ فِی الْاَرْبَعِ فِی كُلِّ اثْنَيْنِ وَيُوتِرُ بِثَلَاثٍ، يَتَشَهَّدُ فِی الْاُولَيَيْنِ مِنَ الْوِتْرِ تَشَهُّدَهُ فِی التَّسْلِيمِ، وَيُوتِرُ بِالْمُعَوِّذَاتِ، فَاِذَا رَجَعَ اِلَى بَيْتِهِ رَكَعَ رَكْعَتَيْنِ وَيَرْقُدُ، فَاِذَا انْتَبَهَ مِنْ نَوْمِهِ، قَالَ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِی اَنَامَنِی فِی عَافِيَةٍ، وَاَيْقَظَنِی فِی عَافِيَةٍ ، ثُمَّ يَرْفَعُ رَاْسَهُ اِلَى السَّمَاءِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نمازِ عشاء پڑھتے تھے' پھر گھر میں نماز پڑھتے' واپس جا کر سات رکعتیں' چار رکعتیں پڑھتے' دو پڑھ کر سلام پھیرتے اور تین رکعت وتر پڑھتے' وتروں کی دو رکعتوں میں التحیات پڑھتے اور تیسری میں سلام پھیرتے اور وتروں میں معوذتین پڑھتے' جب گھر واپس آتے تو دو رکعت پڑھتے اور سو جاتے' جب آپ نیند سے اُٹھتے تو یہ دعا کرتے: تمام خوبیاں اللہ کے لیے جس نے نیند سے عافیت دی اور اپنی عافیت میں جگایا۔ پھر آسمان کی طرف سر اُٹھاتے تو غور کرتے' پھر پڑھتے: اے ہمارے رب! تُو نے باطل نہیں پیدا کیا' تیرے لیے پاکی ہے' ہم کو جہنم

8958- أخرجه البخاری فی الصلاة جلد **1** صفحه **640** رقم الحديث: **444**' ومسلم فی المسافرين جلد **1** صفحه **495** .

8959- اسناده فيه ابن لهيعة صدوق لكنه اختلط . انظر مجمع الزوائد جلد**2** صفحه **277** .

Marfat.com

فَيَتَفَكَّرُ، ثُمَّ يَقُولُ: (رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هَذَا بَاطِلًا سُبْحَانَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ) (آل عمران: 191) فَيَقْرَأُ حَتَّى يَبْلُغَ (إِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيعَادَ) (آل عمران: 194)، ثُمَّ يَتَوَضَّأُ، ثُمَّ يَقُومُ فَيُصَلِّي رَكْعَتَيْنِ يُطِيلُ فِيهِمَا الْقِرَاءَةَ وَالرُّكُوعَ وَالسُّجُودَ، وَيُكْثِرُ فِيهِمَا الدُّعَاءَ، حَتَّى إِنِّي لَأَرْقُدُ وَأَسْتَيْقِظُ، ثُمَّ يَنْصَرِفُ فَيَضْطَجِعُ فَيُغْفِي، ثُمَّ يَتَضَوَّرُ، ثُمَّ يَتَكَلَّمُ بِمِثْلِ مَا تَكَلَّمَ فِي الْأُوَّلِ، ثُمَّ يَقُومُ فَيَرْكَعُ رَكْعَتَيْنِ هُمَا أَطْوَلُ مِنَ الْأُولَيَيْنِ، وَهُوَ فِيهِمَا أَشَدُّ تَضَرُّعًا وَاسْتِغْفَارًا، حَتَّى أَقُولَ: هَلْ هُوَ مُنْصَرِفٌ؟ وَيَكُونُ ذَلِكَ إِلَى آخِرِ اللَّيْلِ، ثُمَّ يَنْصَرِفُ فَيُغْفِي قَلِيلًا فَأَقُولُ: هَذَا غَفَا أَمْ لَا؟ حَتَّى يَأْتِيَهُ الْمُؤَذِّنُ فَيَقُولُ مِثْلَ مَا قَالَ فِي الْأُولَى، ثُمَّ يَجْلِسُ فَيَدْعُو بِالسِّوَاكِ فَيَسْتَنُّ وَيَتَوَضَّأُ، ثُمَّ يَرْكَعُ رَكْعَتَيْنِ خَفِيفَتَيْنِ، ثُمَّ يَخْرُجُ إِلَى الصَّلَاةِ، فَكَانَتْ هَذِهِ صَلَاتُهُ ثَلَاثَ عَشْرَ رَكْعَةً

کے عذاب سے بچا' آپ ''انك لا تخلف الميعاد'' تک پڑھتے' پھر آپ وضو کرتے' پھر کھڑے ہوتے اور دو رکعت نفل پڑھتے' ان دونوں میں قرأت اور رکوع و سجود لمبا کرتے' ان میں کثرت سے دعا کرتے یہاں تک کہ میں سوتی اور جاگتی' پھر آپ سلام پھیرتے اور لیٹ جاتے۔ آپ کے لیٹنے کی آواز آتی' پھر آپ پہلے کی طرح گفتگو کرتے' پھر آپ کھڑے ہوتے اور دو رکعتیں پڑھتے' دونوں کو پہلی سے لمبا کرتے' ان دونوں میں گڑگڑاتے اور بخشش مانگتے (اپنی اُمت کے لیے) یہاں تک کہ میں کہتی: کیا آپ چھوڑیں گے! یہ آخر رات تک معاملہ رہتا' پھر آپ اُٹھتے اور تھوڑی دیر کے لیے لیٹتے' آپ کے پاس مؤذن آتا اور پہلے کی طرح عرض کرتا' آپ بیٹھتے پھر آپ مسواک کرتے اور وضو کرتے' پھر دو مختصر رکعتیں سنتیں پڑھتے' پھر نماز کے لیے نکلتے' آپ اپنی نماز کی تیرہ رکعتیں ادا کرتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَيَّاشِ بْنِ عَبَّاسٍ إِلَّا ابْنُ لَهِيعَةَ

یہ حدیث عیاش بن عباس سے ابن لہیعہ روایت کرتے ہیں۔

8960 - حَدَّثَنَا مِقْدَامٌ، نَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ يُوسُفَ، نَا الْهَيْثَمُ بْنُ حُمَيْدٍ، ثَنَا النُّعْمَانُ بْنُ الْمُنْذِرِ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي رَبَاحٍ، قَالَ: سَأَلْتُ عَائِشَةَ: هَلْ رُخِّصَ لِلنِّسَاءِ أَنْ يُصَلِّينَ عَلَى الدَّوَابِّ؟ فَقَالَتْ: لَمْ يُرَخَّصْ لَهُنَّ فِي ذَلِكَ فِي

حضرت عطاء بن رباح فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا: کیا عورتوں کے لیے اجازت ہے کہ سواریوں پر نماز پڑھیں؟ آپ نے فرمایا: تنگی اور خوشحالی میں رخصت نہیں ہے۔

8960- أخرجه أبو داؤد فی الصلاة جلد2صفحه9 رقم الحديث: 1228 .

Marfat.com

شِدَّةٍ وَلَا فِی رَخَاءٍ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ الْمُنْذِرِ اِلَّا الْهَيْثَمُ بْنُ حُمَيْدٍ، وَيَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ

یہ حدیث نعمان بن منذر سے ہیثم بن حمید اور یحییٰ بن حمزہ روایت کرتے ہیں۔

8961 - حَدَّثَنَا مِقْدَامٌ، ثَنَا اَسَدٌ، ثَنَا عَدِيُّ بْنُ الْفَضْلِ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ اَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ثَلَاثٌ مَنْ حَفِظَهُنَّ فَهُوَ وَلِيِّي حَقًّا، وَمَنْ ضَيَّعَهُنَّ فَهُوَ عَدُوِّي حَقًّا: الصَّلَاةُ وَالصِّيَامُ وَالْجَنَابَةُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تین چیزیں جس میں ہوں' وہ میرا پکا دوست ہے' جو ان کا خیال نہ کرے وہ میرا دشمن ہے' نماز' روزہ' غسل جنابت۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حُمَيْدٍ اِلَّا عَدِيُّ بْنُ الْفَضْلِ، تَفَرَّدَ بِهِ اَسَدُ بْنُ مُوسَى

یہ حدیث حمید سے عدی بن فضل روایت کرتے ہیں۔اس کو روایت کرنے میں اسد بن موسیٰ اکیلے ہیں۔

8962 - حَدَّثَنَا مِقْدَامٌ، ثَنَا عَلِيُّ بْنُ مَعْبَدٍ الرَّقِّيُّ، ثَنَا وَهْبُ بْنُ رَاشِدٍ، ثَنَا مَالِكُ بْنُ دِينَارٍ، عَنْ خِلَاسِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ يَقُولُ: اَنَا اللّٰهُ لَا اِلَهَ اِلَّا اَنَا، مَالِكُ الْمُلُوكِ وَمَلِكُ الْمُلُوكِ، قُلُوبُ الْمُلُوكِ فِي يَدِي، وَاِنَّ الْعِبَادَ اِذَا اَطَاعُونِي حَوَّلْتُ قُلُوبَ مُلُوكِهِمْ عَلَيْهِمْ بِالرَّاْفَةِ وَالرَّحْمَةِ، وَاِنَّ الْعِبَادَ اِذَا عَصَوْنِي حَوَّلْتُ قُلُوبَهُمْ عَلَيْهِمْ بِالسَّخْطَةِ وَالنِّقْمَةِ فَسَامُوهُمْ سُوءَ الْعَذَابِ، فَلَا تَشْغَلُوا اَنْفُسَكُمْ بِالدُّعَاءِ عَلَى الْمُلُوكِ، وَلَكِنِ

حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل فرماتا ہے کہ میں اللہ ہوں میرے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے' میں مالک الملوک' بادشاہوں کا بادشاہ ہوں' بادشاہوں کے دل میرے قبضہ میں اور بندے جب میری اطاعت میں ہیں' میں ان کے بادشاہوں کے دلوں میں نرمی اور رحمت بھر دوں گا' بندے جب میری نافرمانی کریں تو ان کے دلوں میں ناراضگی اور انتقام رکھ دوں گا' ان پر بڑا عذاب کروں گا' تم اپنے رب سے بادشاہوں کے خلاف دعا نہ کرو' تم ذکر اور عاجزی میں مشغول ہو جاؤ' تم مجھ سے عاجزی مانگو۔

8961- اسناده فيه: عدى بن الفضل التيمى متروك' قاله أبو حاتم والدارقطنى' وقال النسائى: ليس بثقة (التقريب' والتهذيب) . وانظر مجمع الزوائد جلد1صفحه296 .

8962- اسناده فيه: وهب بن راشد متروك' قال ابن عدى: ليس حديثه بالمستقيم أحاديث كلها فيها نظر' وقال الدارقطنى: متروك' وقال ابن حبان لا يحل الاحتجاج به يحال (اللسان جلد 6صفحه230' والميزان جلد 4 صفحه351) . وانظر مجمع الزوائد جلد5صفحه252 .

Marfat.com

اشْتَغِلُوا بِالذِّكْرِ وَالتَّضَرُّعِ اِلَيَّ اَكْفِكُمْ مُلُوكَكُمْ

میں تمہارے حکمرانوں کو تمہاری طرف سے کافی ہوں۔

8963 - حَدَّثَنَا مِقْدَامٌ، ثَنَا عَلِيُّ بْنُ مَعْبَدٍ الرَّقِّيُّ، ثَنَا وَهْبُ بْنُ رَاشِدٍ، عَنْ مَالِكِ بْنِ دِينَارٍ، عَنْ خِلَاسِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْعَائِدُ فِي هِبَتِهِ كَالْكَلْبِ يَاْكُلُ حَتَّى يَشْبَعَ، قَاءَ ثُمَّ يَعُودُ فِي قَيْئِهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: تحفہ دے کر واپس لینے والا اس کتے کی طرح ہے جو کھاتا ہے اور سیر ہو کر قے کرتا ہے' پھر دوبارہ صاف کرتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ مَالِكِ بْنِ دِينَارٍ اِلَّا وَهْبُ بْنُ رَاشِدٍ

یہ دونوں حدیثیں مالک بن دینار سے وہب بن راشد روایت کرتے ہیں۔

8964 - حَدَّثَنَا مِقْدَامٌ، ثَنَا اَبُو الْاَسْوَدِ النَّضْرُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ، ثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ النَّاسَ اُرُوا لَيْلَةَ الْقَدْرِ فِي السَّبْعِ الْاَوَاخِرِ مِنْ رَمَضَانَ، فَسُئِلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقِيلَ: اِنَّ النَّاسَ رَاَوْهَا فِي السَّبْعِ الْاَوَاخِرِ فَالْتَمِسُوهَا فِي السَّبْعِ الْاَوَاخِرِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ لوگوں کو لیلۃ القدر رمضان کے آخری عشرے میں دکھائی گئی' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا گیا' آپ سے عرض کی گئی تو فرمایا: لوگوں کو آخری عشرے میں دکھائی گئی' اس کو آخری سات دنوں میں تلاش کرو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْقَاسِمِ اِلَّا اَبُو الْاَسْوَدِ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ اِلَّا ابْنُ لَهِيعَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ اَبُو الْاَسْوَدِ

یہ حدیث عبدالرحمٰن بن قاسم سے ابواسود اور ابواسود سے ابن لہیعہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابواسود اکیلے ہیں۔

8965 - حَدَّثَنَا مِقْدَامٌ، ثَنَا اَبُو الْاَسْوَدِ، ثَنَا

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے

8963- أخرجه ابن ماجة فی الهبات جلد**2**صفحه**797** رقم الحديث:**2384** .

8964- أخرجه البخاری: فضل ليلة القدر جلد**3**صفحه**301** رقم الحديث: **2015**' وأيضًا فی كتاب التعبير جلد **12** صفحه**396** رقم الحديث: **6991**' ومسلم: الصيام جلد**2**صفحه**822** .

8965- أخرجه البخاری فی الشركة جلد **5**صفحه**156** رقم الحديث: **2491**' ومسلم فی الايمان جلد **3** صفحه**1287** .

Marfat.com

ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ اَعْتَقَ شِقْصًا فِي مَمْلُوكٍ قُوِّمَ عَلَيْهِ بِمَنْ اَعْتَقَ فِي مَالِهِ، وَاِنْ لَمْ يَكُنْ عِنْدَهُ قُوِّمَ قِيمَةَ عَدْلِهِ، ثُمَّ اسْتَسْعَى غَيْرَ مَشْقُوقٍ

روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے اپنے حصے کا غلام آزاد کیا' اس کے پاس پیسے ہوں تو باقی کو آزاد کروا دے' اس کے پاس پیسے نہ ہوں تو اسکے برابر قیمت لگوالے' پھر بغیر کسی ڈر کے' اُس غلام سے محنت مزدوری کروالے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ اِلَّا ابْنُ لَهِيعَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ اَبُو الْاَسْوَدِ

یہ حدیث ابوسود سے ابن لہیعہ روایت کرتے ہیں۔اس کو روایت کرنے میں ابواسود اکیلے ہیں۔

8966 - حَدَّثَنَا مِقْدَامٌ، ثَنَا اَبُو الْاَسْوَدِ، ثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ، وَالْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ عَنِ الرَّجُلِ يَرَى فِي مَنَامِهِ شَيْئًا وَلَا يَرَى بَلَلًا، وَيَرَى بَلَلًا ثُمَّ لَا يَرَى شَيْئًا؟ قَالَ: اِذَا وَجَدَ اَحَدُكُمْ بَلَلًا وَلَمْ يَرَ شَيْئًا فَلْيَغْتَسِلْ، وَاِذَا رَاَى شَيْئًا وَلَمْ يَرَ بَلَلًا فَلَا يَغْتَسِلْ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا گیا: آدمی خواب میں کوئی شی دیکھتا ہے' تری نہیں پاتا ہے اور تری دیکھتا ہے لیکن کوئی شی نہیں دیکھتا' آپ نے فرمایا: جب کوئی تری پائے اور کوئی شی نہ دیکھے تو غسل کرے' جب کوئی شی دیکھے اور تری نہ پائے تو غسل نہ کرے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ اِلَّا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، وَاَبُو الْاَسْوَدِ، تَفَرَّدَ بِهِ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اَخُوهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، وَتَفَرَّدَ بِهِ عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ: ابْنُ لَهِيعَةَ

یہ حدیث قاسم بن محمد' عبداللہ بن عمر اور ابواسود روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عبیداللہ بن عمر' ان سے عبداللہ بن عمر روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابواسود بن لہیعہ اکیلے ہیں۔

8967 - حَدَّثَنَا مِقْدَامٌ، ثَنَا اَبُو الْاَسْوَدِ، ثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ،

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضرت بریرہ ایک غلام کے نکاح میں تھیں' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

8966- أخرجه أبو داؤد فی الطهارة جلد **1**صفحه**59** رقم الحديث: **236**' والترمذی فی الطهارة جلد **1**صفحه**189** رقم الحديث: **113**' وابن ماجة فی الطهارة جلد **1**صفحه**200** رقم الحديث: **612**' وأحمد فی المسند جلد **6** صفحه**286** رقم الحديث: **26249** .

8967- أصله عند البخاری ومسلم: أخرجه البخاری فی الطلاق جلد **9**صفحه**315** رقم الحديث: **5279**' ومسلم فی العتق جلد**2**صفحه**1144** .

Marfat.com

عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ بَرِيرَةَ كَانَتْ تَحْتَ مَمْلُوكٍ فَلَمَّا عُتِقَتْ قَالَ لَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَنْتِ اَمْلَكُ بِنَفْسِكِ اِنْ شِئْتِ اَقَمْتِ مَعَ زَوْجِكِ، وَاِنْ شِئْتِ فَارَقْتِيهِ مَا لَمْ يُمْسِكْ

نے انہیں فرمایا: تُو اپنی جان کی زیادہ مالک ہے' اگر تُو چاہے تو اپنے شوہر کے ساتھ رہ' اگر تُو چاہے تو اس سے جدا رہ جب تک تجھے نہ روکے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ اِلَّا ابْنُ لَهِيعَةَ

یہ حدیث ابواسود سے ابن لہیعہ روایت کرتے ہیں۔

8968 - حَدَّثَنَا مِقْدَامٌ، ثَنَا عَلِيُّ بْنُ مَعْبَدٍ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِي اُنَيْسَةَ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنِ الْاَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّي، وَاِنَّهَا لَاَمَامَهُ، بَيْنَ نَبِيِّ اللّٰهِ وَبَيْنَ الْقِبْلَةِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نماز پڑھتے تھے' میں آپ کے اور قبلہ کے درمیان ہوتی تھی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِي اُنَيْسَةَ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، وَاَبُو عَبْدِ الرَّحِيمِ خَالِدُ بْنُ زَيْدٍ

یہ حدیث زید بن ابوانیسہ سے عبداللہ بن عمر اور ابوعبدالرحیم' خالد بن یزید روایت کرتے ہیں۔

8969 - حَدَّثَنَا مِقْدَامٌ، ثَنَا اَبُو الْاَسْوَدِ، ثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَابَقَ بَيْنَ الْخَيْلِ الْمُضَمَّرَةِ، فَكَانَتْ تُرْسَلُ مِنَ الْحَفْيَاءِ، وَكَانَ اَمَدُهَا ثَنِيَّةَ الْوَدَاعِ، وَسَابَقَ الْخَيْلَ الَّتِي لَمْ تُضَمَّرْ، وَكَانَتْ تُرْسَلُ، وَكَانَ اَمَدُهَا مَسْجِدَ بَنِي زُرَيْقٍ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سدھائے ہوئے گھوڑوں کے درمیان مقابلہ کروایا کرتے' حفیاء کے مقام سے انہیں چھوڑا جاتا تھا اور ثنیۃ الوداع اُن کی انتہا ہوتی تھی اور جن گھوڑوں کو نہیں سکھایا گیا تھا' اُن کا مقابلہ کرواتے' انہیں بھی چھوڑا جاتا تھا لیکن ان کا میدان بنی زریق کی مسجد ہوتا تھا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ اِلَّا ابْنُ

یہ حدیث ابواسود' ابن لہیعہ سے روایت کرتے

8968- اخرجه البخاری فی الصلاة جلد**1**صفحه**700** رقم الحديث:**514**' ومسلم فی الصلاة جلد**1**صفحه**366** .

8969- اخرجه البخاری فی الجهاد جلد**6**صفحه**83** رقم الحديث:**2869**' ومسلم فی الامارة جلد**3**صفحه**1491** .

Marfat.com

لَهِيعَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ اَبُو الْاَسْوَدِ

8970 - حَدَّثَنَا مِقْدَامٌ، ثَنَا اَبُو الْاَسْوَدِ، نَا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِی الْاَسْوَدِ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنِ اشْتَرَى طَعَامًا فَلَا يَبِعْهُ حَتَّى يَسْتَوْفِيَهُ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ اِلَّا اَبُو الْاَسْوَدِ، تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ لَهِيعَةَ

ہیں۔اس کوروایت کرنے میں ابواسودا کیلے ہیں۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو طعام خریدے تو وہ اس کو فروخت نہ کرے یہاں تک کہ پہلے آدمی سے اس پورا کرکے لے لے۔

یہ حدیث ابواسود روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابن لہیعہ اکیلے ہیں۔

